ششماہی امتحان ۱۴۴۴ھ/2022ء
جامعات المدینہ للبنین ہند

درجہ: اولی   پرچہ: 4   مضمون: نحو

تاریخ: 30 ستمبر 2022   دن: جمعہ   کل وقت: 30 منٹ   کل نمبر: 25

نام: ____________

ولدیت: ____________

حصہ اول: معروضی۔ کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے، ہر سوال کا ایک نمبر ہے۔ (25=25x1)

سوال نمبر ۱: علم نحو کا موضوع کیا ہے؟
(الف) صیغہ کے اعتبار سے کلمہ (ب) کلمہ اور کلام (ج) فعل و فاعل (د) ماضی، مضارع اور امر

سوال نمبر ۲: بے معنی لفظ کو کہتے ہیں؟
(الف) موضوع (ب) مستعمل (ج) مبہم (د) مہمل

سوال نمبر ۳: مرکب کی کتنی اقسام ہیں؟
(الف) 3 (ب) 4 (ج) 2 (د) 8

سوال نمبر ۴: جو کلمہ اکیلا اپنا معنیٰ ظاہر کرے اور اس میں کوئی زمانہ بھی پایا جائے تو اسے.........کہتے ہیں؟
(الف) اسم (ب) فعل (ج) حرف (د) مرکب

سوال نمبر ۵: "حق کا خوف عجب غم ہے" یہ کن حروف کا مجموعہ ہے؟
(الف) حروف شمسیہ (ب) حروف قمریہ (ج) حروف ہجاء (د) حروف جارہ

سوال نمبر ۶: حرف جر ہونا یہ کس کی علامت ہے؟
(الف) اسم (ب) فعل (ج) حرف (د) کسی کی نہیں

سوال نمبر ۷: "سیجي ء" یہ کیا ہے؟
(الف) اسم (ب) فعل (ج) حرف (د) تینوں میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر ۸: اسم معرفہ کی کتنی اقسام ہیں؟
(الف) 12 (ب) 7 (ج) 8 (د) 3

سوال نمبر ۹: وہ اسم جو بعد والے جملے سے مل کر جملے کا جز بنے اُسے...........کہتے ہیں؟
(الف) اسم ضمیر (ب) اسم علم (ج) اسم اشارہ (د) اسم موصول

سوال نمبر ۱۰: تثنیہ کی درست تعریف کون سی ہے؟
(الف) جس اسم سے ایک فرد سمجھا جائے (ب) جس اسم سے دو سے زائد افراد سمجھے جائیں
(ج) جس اسم سے دو افراد سمجھے جائیں (د) جس اسم میں واحد کا وزن سلامت نہ ہو

سوال نمبر ۱۱: مؤنث حقیقی کی درست تعریف کیا ہے؟ (الف) جس مؤنث کے مقابل نر جاندار نہ ہو
(ب) جس مؤنث کے مقابل نر جاندار ہو (ج) جس کے آخر میں تاء ہو (د) تینوں تعریفات غلط ہیں

سوال نمبر ۱۲: واحد کے آخر میں ”واو اور نون“ یا ”یاء اور نون“ لگا کر جو جمع بنائی جاتی ہے اسے .... کہتے ہیں۔

(الف) جمع مؤنث سالم (ب) جمع مذکر سالم (ج) جمع مکسر (د) جمع کثرت

سوال نمبر ۱۳: أَفْعُلٌ، أَفْعَالٌ، فِعْلَةٌ، أَفْعِلَةٌ یہ اوزان ہیں؟

(الف) جمع کثرت کے (ب) جمع قلّت کے (ج) اسم جمع کے (د) جمع منتہی الجموع کے

سوال نمبر ۱۴: درج ذیل کلمات میں اسم جمع کا انتخاب کریں۔

(الف) أَنْفُسٌ (ب) رَهْطٌ (ج) قَتْلٰی (د) مَسَاجِدُ

سوال نمبر ۱۵: درج ذیل کلمات میں سے واحد کا انتخاب کریں۔

(الف) أَلْسُنٌ (ب) جَيْشٌ (ج) قَوْمٌ (د) جَنَّتَانِ

سوال نمبر ۱۶: کسرہ اور تنوین کس پر نہیں آتی؟

(الف) صفت پر (ب) غیر منصرف پر (ج) مضاف پر (د) موصوف پر

سوال نمبر ۱۷: ”قَلَمُ زَيْدٍ“ یہ کس کی مثال ہے؟

(الف) نکرہ کی (ب) معرفہ کی (ج) نکرہ مخصوصہ کی (د) کسی کی نہیں

سوال نمبر ۱۸: درج ذیل مثالوں میں سے مرکب اضافی کی درست مثال کیا ہے؟

(الف) رَجُلٌ عَالِمٌ (ب) رَجُلَانِ عَالِمَانِ (ج) وَلَدَا زَيْدٍ (د) هٰذَا كِتَابُ الْوُضُوءِ

سوال نمبر ۱۹: درج ذیل مثالوں میں سے وہ مثال منتخب کریں جس میں مرکب توصیفی کی درست ترکیب ہے۔

(الف) نَامَ أَطْفَالٌ صَغِيْرٌ (ب) جَاءَ الرَّجُلُ صَالِحٌ (ج) هٰذِهِ كُتُبٌ مُفِيْدُوْنَ (د) شَرِبْتُ مَاءً عَذْبًا

سوال نمبر ۲۰: فاعل یا نائب فاعل اگر اسم ظاہر ہو تو فعل کس طرح آئے گا؟

(الف) ہمیشہ تثنیہ (ب) ہمیشہ جمع (ج) ہمیشہ واحد (د) فاعل یا نائب فاعل کے مطابق

سوال نمبر ۲۱: درج ذیل جملوں میں سے کون سا جملہ جملہ خبریہ ہے؟

(الف) لَيْتَ خَالِدًا جَاءَ (ب) اِشْتَرَيْتُ الْكِتَابَ (ج) لَا تَظْلِمِ النَّاسَ (د) هَلْ سَمِعْتَ صَوْتًا

سوال نمبر ۲۲: درج ذیل جملوں میں سے کس جملے کے جار مجرور کا مُتَعَلَّق ”ثَابِتًا“ ہے؟

(الف) اَلرَّجُلُ فِي الدَّارِ (ب) اَلْإِمْرَأَةُ فِي الدَّارِ (ج) رَأَيْتُ اِمْرَأَةً فِي الدَّارِ (د) رَأَيْتُ رَجُلًا فِي الدَّارِ

سوال نمبر ۲۳: جس اسم کا آخر عامل کی وجہ سے بدل جائے اسے .... کہتے ہیں۔

(الف) مبنی (ب) معرب (ج) عامل (د) معمول

سوال نمبر ۲۴: درج ذیل جملوں میں سے کس جملے میں اعراب [اعراب بالحرف] ہے؟

(الف) ذَهَبَ غُلَامٌ (ب) صَامَ رَجُلَانِ (ج) نَظَرَ زَيْدٌ إِلٰى فَقِيْرٍ (د) اَلْحَيَاءُ مِنَ الْإِيْمَانِ

سوال نمبر ۲۵: فعل ماضی کے کتنے صیغوں میں ضمیر جوازاً پوشیدہ ہوتی ہے؟

(الف) 12 (ب) 3 (ج) 2 (د) 14

رول نمبر: ______________	**ششماہی امتحان ۱۴۴۴ھ/2022ء** **جامعات المدینہ للبنین ہند** درجہ: اولیٰ پرچہ: 4 مضمون: نحو تاریخ: 30 ستمبر 2022 دن: جمعہ کل وقت: ۲ گھنٹے ۳۰ منٹ کل نمبر: ۷۵	
جوابی کاپی نمبر: ______________		

حصہ دوم: انشائیہ

مختصر سوالات (ShortQuestions)

نوٹ: کل ۱۵ سوالات کا حل مطلوب ہے، ہر سوال کے ۳ نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر۱: 6 مشہور نحاۃ کے نام تحریر فرمائیں۔

سوال نمبر۲: جملے کی اقسام کی تعریفات مثالوں کے ساتھ تحریر فرمائیں۔

سوال نمبر۳: علامات فعل تحریر کریں۔

سوال نمبر۴: علامات تانیث تحریر کریں۔

سوال نمبر۵: جمع کثرت کے اوزان تحریر فرمائیں۔

سوال نمبر۶: مرکب توصیفی کی تعریف مع مثال بیان کریں۔

سوال نمبر۷: ان مثالوں میں مبتدا اور خبر الگ الگ کریں۔ (۱) اَلرِّجَالُ قَائِمُونَ (۲) طِفْلٌ صَغِیْرٌ جَمِیْلٌ (۳) کُلُّ قَرْضٍ صَدَقَةٌ

سوال نمبر۸: جملہ انشائیہ کی کوئی سی 6 قسموں کے نام تحریر فرمائیں۔

سوال نمبر۹: معرب، مبنی اور عامل کی تعریفات تحریر فرمائیں۔

سوال نمبر۱۰: مبنی الاصل کل کتنی چیزیں ہیں؟ مع مثال تحریر فرمائیں۔

سوال نمبر۱۱: غیر عاقل کی جمع کی طرف اشارہ کرنے کے لیے کون سا اسم اشارہ استعمال کیا جاتا ہے؟ نیز ھُنا اور ھنا کس چیز کی طرف اشارہ کرنے کے لیئے آتے ہیں؟

سوال نمبر۱۲: اسم موصول کی تعریف کریں اور یہ بھی بتائیں کہ [أَيٌّ] اور [أَيَّةٌ] کو کس صورت میں مبنی بر ضم پڑھنا جائز ہے؟ مثال بھی دیں۔

سوال نمبر۱۳: قَبْلُ، بَعْدُ، تَحْتُ، فَوْقُ یہ کب معرب اور کب مبنی ہوتے ہیں؟

سوال نمبر۱۴: اسم منقوص کا اعراب مع مثال بیان فرمائیں۔

سوال نمبر۱۵: جوازم مضارع تحریر کریں اور یہ بتائیں کہ یہ کیا عمل کرتے ہیں؟

سوال نمبر۱۶: حروف مشبہ بالفعل کتنے اور کون کون سے ہیں؟ نیز ان کا عمل کیا ہے؟

سوال نمبر۱۷: افعال ناقصہ مکمل تحریر فرمائیں۔

سوال نمبر۱۸: درج ذیل جملوں میں مفعول بہ پہچان کر بتائیں۔ (۱) إِيَّاكَ نَعْبُدُ (۲) رَزَقَنَا اللهُ عِلْمًا نَافِعًا (۳) رُمَّانًا أَكَلَ بَكْرٌ

سوال نمبر۱۹: مستثنیٰ متصل، مستثنیٰ منقطع اور کلام موجب کی تعریف بیان فرمائیں۔

سوال نمبر۲۰: مکمل منصوبات اپنی کاپی پر تحریر فرمائیں۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل ۳ سوالات کا حل مطلوب ہے، ہر سوال کے ۱۰ نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر۱: (الف) تثنیہ، جمع مذکر سالم، اور جمع مکسر کی تعریفات مثالوں کے ساتھ تحریر فرمائیں۔ (2+2+2=6)

(ب) جمع کثرت کے کوئی آٹھ اوزان تحریر کریں۔ (1x4=4)

سوال نمبر۲: (الف) ضمیر مستتر اور ضمیر بارز کی تعریف کریں۔ (2+2=4)

(ب) ضمیر منصوب منفصل اور ضمیر مجرور متصل کتنی اور کون کون سی ہیں ؟ (3+3=6)

سوال نمبر۳: (الف) لائے نفی جنس کی تعریف مع مثال بیان کریں۔ (2+2=4)

(ب) لائے نفی جنس کا اعراب تفصیل سے بیان کریں نیز یہ بتائیں کہ کیا لائے نفی جنس کی خبر جار مجرور بن سکتی ہے؟ (4+2=6)

سوال نمبر۴: (الف) غیر منصرف کی تعریف کریں۔ اور اس کا اعراب (تینوں حالتوں میں) کیا ہوتا ہے؟ تحریر کریں۔ (2+2=4)

(ب) اسمائے ستہ کون کون سے ہیں؟ شمار کرائیں نیز ان کا اعراب بھی مع مثال بیان فرمائیں۔ (1x6=6)

سوال نمبر۵: (الف) تمیز، تمیز عن الذات اور تمیز عن النسبۃ کی تعریفات مثالوں کے ساتھ تحریر کریں۔ (3+3=6)

(ب) کوئی سے آٹھ کلمات استثناء تحریر کریں۔ (1x4=4)